

فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ
(النحل. آیت- 43)

# سنن النسائی الشریف

## کتاب الزینة

## مفتیٰ بہ اقوال

از قلم
طالبہ دورۃ الحدیث شریف
جامعۃ المدینہ گرلز گلزار عطار

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ابواب الزینۃ

محراب بھویں گل نار نظر پر نور جبیں رخ جان چمن

جب سادگی ایسی دلکش ہے سنگھار کا عالم کیا ہو گا

## باب النہی عن حلق المرآۃ رآسھا

| | مسئلہ | حکم | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1 | عورت کا سر کے بال منڈوانا۔؟ | حرام ہے کیوں کہ مردوں سے مشابہت ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#107 |
| 2 | ● عورت کا مختلف طرح کے Hair Styling کروانا۔؟ | اگر فاسقات سے مشابہت ہوتی ہو تو جائز نہیں<br>● اگر مردوں سے مشابہت ہوتی ہو تو جائز نہیں | زینت کے شرعی احکام، ص# 108 |

## باب النہی عن القزع

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3 | قزع کروانا۔؟ | مکروہ تنزیہی اور منع ہے | زینت کے شرعی احکام ص#97، |
| 4 | موجودہ دور میں مردوں کا مختلف طرح کے Hair Styling کروانا۔؟ | سر کی سائیڈوں سے بال چھوٹے اور اوپر سے بڑے رکھنا سنت کے | زینت کے شرعی احکام, ص#100 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | خالف ہے، اس پر قزع کا اطلاق نہیں ہوتا۔ | |

## باب الاخذ من الشارب

| | | | |
|---|---|---|---|
| 5 | مونچھیں پست کروانا۔؟ | خوب پست کرنا سنت۔۔کاٹنا بھی درست اور مونڈنا ممنوع ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#100 |

## باب الترجل غبا

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | مرد کا کثرت سے بالوں کو سنوارنا۔؟ | ممنوع ہے | مرآۃ المناجیح، ج#6، حدیث#4448 |

## باب طویل الجمہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 7 | مرد کا کندھوں سے نیچے تک بال رکھنا۔؟ | ناجائز و خلاف شرع | بہار شریعت حصہ 16، ص#590 |

## باب النہی عن الخضاب بالسواد

| | | | |
|---|---|---|---|
| 8 | کالا یا ایسے رنگ کا خزاب لگانا جو سیاہ رنگ کی طرف مائل ہو۔؟ | اللہ جلاجلالہ کی تخلیق کو بدلنا ہوا جو کہ حرام ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#93 |
| 9 | ادویات اور انجیکشن کے زریعے بالوں کو سیاہ کرنا۔؟ | کوئی حرج نہیں | زینت کے شرعی احکام، ص#92 |

## باب النتف

| | | | |
|---|---|---|---|
| 10 | عورت کا ہاتھ پائوں، بازو، اور ٹانگوں کے بال منڈوانا۔؟ | کوئی حرج نہیں | زینت کے شرعی احکام، ص#119 |
| 11 | مرد و عورت کا جسم کے غیر ضروری بال صاف کروانا۔؟ | سنّت ہے | بہار شریعت حصہ16، ص#587 |

## باب عن المتنمصات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 12 | ابرو بنوانا۔؟ | ناجائز و گناہ ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#60 |
| 13 | جس کی ابرو ملی ہوئی ہو اس کا بیچ کے بال صاف کروانا۔؟ | ابرو کے حکم میں داخل ہیں، ناجائز و حرام ہے | مجیب مفتی محمّد قاسم |

## باب وصل الشعر بالخرق

| | | | |
|---|---|---|---|
| 14 | بالوں کی پیوند کاری کروانا۔؟ | اللہ جلّ جلالہ کی تخلیق کو بدلنا ہے فلہذا ناجائز و گناہ ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#94 |
| 15 | خنزیر یا انسانوں کے بالوں کی وگ لگانا۔؟ | ناجائز و حرام ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#94 |
| 16 | خنزیر کے علاوہ دیگر جانوروں کے بال کی یا مصنوعی وگ لگانا۔؟ | کوئی حرج نہیں | زینت کے شرعی احکام، ص#94 |

## باب فی الواشمہ والمستوشمہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 17 | مختلف طرح کی Tattoos بنوانا۔؟ | ناجائز وحرام ہے | زینت کے شرعی احکام۔ص244 |

## باب فی المتفلجات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 18 | دانتوں کے درمیاں کشادگی کروانا۔؟ | حرام ہے | مرآۃ المناجیح،ج#6،ص# 152 |

## باب فی تحریم الوشر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 19 | دانتوں کو گھسوا کر باریک کروانا۔؟ | خوبصورتی کے لئے ناجائز ہے | مجیب مفتی محمد قاسم مدظلہ العالی |
| 20 | دانتوں کو سیدھا کرنے کے لئے Clip یا Braces لگوانا۔؟ | جائز ہے | مجیب مفتی محمد قاسم مدظلہ العالی |

## باب تحریم الذھب علی الرجال

| | | | |
|---|---|---|---|
| 21 | مرد کا سونا یا دیگر دھات کے زیور پہننا۔؟ | حرام ہے | زینت کے شـــرعی احکام،ص#164 |
| 22 | مرد کا سونے کا بٹن استعمال کرنا۔؟ | سونے چاندی کے بٹن کرتے یا اچکن میں لگانا جائز ہے | زینت کے شرعی احکام،ص#21 |
| 23 | مرد کا سونے کے کانٹے والی گھڑی پہننا۔؟ | جائز ہے۔مرد کے لئے سونا پہننا جائز نہیں)میں تحلی باشیائے مستقلہ کا ذکر ہے نہ کہ توابع کا۔۔ | فتاوی رضویہ،ج#22، ص#123 |
| 24 | سونے کی ناک لگانا۔؟ | جائز ہے | بہار شریعت حصہ 16،ص#431 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 25 | مرد کا چاندی کی انگوٹھی پہننا؟ | چاندی کی ایک انگوٹھی جو ساڑھے چار ماشے سے کم کی ہو پہننا جائز ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#192 |
| 26 | مرد کا چاندی کا پانی چڑھی ہوئی انگوٹھی پہننا۔؟ | ممانعت نہیں | فتاوی عالمگیری، ج#5، ص#335 |
| 27 | مرد کا Platinum کی انگوٹھی پہننا۔؟ | ناجائز و حرام ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#158 |
| 28 | مرد کا ایسی انگوٹھی پہننا جس کا نگینہ دیگر دھات کا ہو۔؟ | انگوٹھی میں نگینہ کسی بھی پتھر کا جیسے عقیق، یاقوت، زمرد، چاندی، سونے کا ہو جائز ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#151 |
| 29 | مرد کا الٹے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا۔؟ | مہر لگانے والوں کے لئے سنّت ہے | بہار شریعت، ص#4 |
| 30 | انگوٹھی میں عربی نقش کروانا۔؟ | انگوٹھی پر مقدس نام لکھوانا شرعاً جائز ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#152 |
| 31 | بیت الخلا میں عربی نقش والی انگوٹھی پہن کر جانا۔؟ | انگوٹھی پر مقدس نام لکھوانا شرعا جائز ہے، البتہ ایسی انگوٹھی بیت الخلاء پہن کر جانا مکروہ ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#152 |
| 32 | عورت کا دیگر دھات کے زیورات پہننا۔؟ | جائز ہے | مجیب مفتی محمد قاسم مدظلہ العالی |
| 33 | انگوٹھی کے نگنہ میں سوراخ کر کے سونے کی کیل ڈالنا جائز ہے۔؟ | جائز ہے | بہار شریعت حصہ 16، ص#430 |
| 34 | ملتے ہوئے دانتوں کو سونے کے تار سے باندھنا؟ | جائز ہے | بہار شریعت حصہ 16، ص#431 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 35 | عورت کا گھنگرو والے زیور پہننا کہ آواز غیر مردوں تک جائے۔؟ | جائز و گناہ و حرام ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#138 |
| 36 | عورت کا گھنگرو والے زیور پہننا کہ آواز غیر مردوں تک نہ جائے،؟ | پہن سکتی ہے لیکن ضروری ہے کہ ایسا زیور نا ہو جو فاسقات کی پہچان ہو | زینت کے شرعی احکام، ص#138 |

## باب فی لبس الحریر والدیباج والقسی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 37 | مرد کا ریشم کا لباس پہننا۔؟ | ناجائز و حرام ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#14 |
| 38 | مرد کا قِسّی پہننا۔؟ | حرام ہے | بہار شریعت حصہ 16، ص#413 |
| 39 | مرد کا ایسا کپڑا پہننا جس کا تانا ریشم کا ہو۔؟ | جائز ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#18 |
| 40 | مرد کا ایسا کپڑا پہننا جس کا بانا ریشم کا ہو۔؟ | حرام ہے | زینت کے شرعی احکام، ص#18 |
| 41 | مرد کا ریشم کا بستر استعمال کرنا۔؟ | جائز ہے مگر ممنوع | بہار شریعت، ج#، ص#413 |

## باب ذکر النہی عن لبس المعصفر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 42 | مرد کا زعفران اور کُسُم سے رنگے ہوئے کپڑے پہننا۔؟ | مکروہ ہے | فتاوی رضویہ، ج#22، ص 184 - 183 |
| 43 | مرد کا سرخ لباس پہننا۔؟ | جائز ہے بچنا بہتر ہے | ردالمحتار، ج#9، ص#5 |
| 44 | مرد کا سبز لباس پہننا۔؟ | جائز ہے۔۔ * اگر محرم کے دس دنوں میں پہنے تب بھی جائز نہیں (شیعہ سے مشابہت کی وجہ سے) | فتاوی رضویہ، ج#22، ص 197 - 194<br>بہار شریعت حصہ 16، ص#419 |
| 45 | مرد کا سیاہ لباس پہننا | * اگر بطور سوگ ہو تو جائز نہیں۔ | بہار شریعت |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | * اگر محرم کے دس دنوں میں پہنے تب بھی جائز نہیں (شیعہ سے مشابہت کی وجہ سے)<br>* اگر ان دونوں اغراض کے علاوہ پہنے تو جائز ہے | حصہ 16، ص#419 |

## باب عن اسبال الازار

| | | | |
|---|---|---|---|
| 46 | بطور تکبر اور Fashion کپڑے لٹکانا۔؟ | ممنوع و حرام ہے | فتاوی رضویہ، ج#22، ص 183 - 184 |
| 47 | بطور تکبر اور Fashion لٹکے ہوئے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا۔؟ | مکروہ تحریمی | فتاوی رضویہ، ص388 |
| 48 | لٹکے ہوئے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا جو کہ بطور Fashion و تکبر نا ہو؟. | مکروہ تنزیہی | فتاوی رضویہ، ص388 |

## باب النہی عن اشتمال الصماء

| | | | |
|---|---|---|---|
| 49 | ایسا کپڑا پہننا جس سے ہاتھ باہر نہ نکلیں۔؟ | ممنوع ہے | مر آۃ المناجیح، ج#4، حدیث#2853 |
| 50 | ایسا کپڑا پہن کر نماز ادا کرنا جس میں ہاتھ باہر نہ نکلیں۔؟ | نماز نہ ہو گی | مر آۃ المناجیح، ج#4، حدیث #2853 |

## باب النہی عن احتباء فی ثوب

| | | | |
|---|---|---|---|
| 51 | ایک کپڑا لپیٹ کر اکڑو بیٹھنا۔؟ | ایک کپڑا پہن کر احتباء کیا ہو تو | مر آۃ المناجیح، ج#4، حدیث |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ممنوع ہے اور اگر تہبند ہو کے ستر پوشی ہو جائے تو کوئی حرج نہیں | 2853# |

## باب عن التصاویر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 52 | تصاویر والے کپڑے بنانا کہ چہرہ موجود ہو اور زمین پر رکھیں تو اعضاء کی تفصیل بالکل واضح نظر آئے۔؟ | بنانا، بیچنا، پہننا، پہنانا سب نا جائز | زینت کے شرعی احکام، ص# 22 |
| 53 | جانداروں کی تصویر والے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا۔؟ | مکروہ تحریمی واجب الاعادہ | بہار شریعت، ج#3، ص#632 |
| 54 | اس حالت میں نماز پڑھنا کہ سامنے جاندار کی تصویر ہو۔؟ | * گر پورے قد کی تصویر ہو تو ،مکروہ تحریمی واجب اعادہ۔۔ * گر پورے قد کی تصویر نا ہو یا تصویر مقطوع العضو ہو تو ،مکروہ تنزیہی۔ | مجیب مفتی محمّد قاسم مدظلہ العالی |
| 55 | اس حالت میں نماز ادا کرنا کہ دائیں بائیں جاندار کی تصاویر ہوں۔؟ | ،مکروہ تنزیہی۔ | مجیب مفتی محمّد قاسم مدظلہ العالی |
| 56 | اس حالت میں نماز پڑھنا کہ سجدے کی جگہ پر جاندار کی تصویر ہو۔؟ | مکروہ تحریمی واجب الاعادہ | بہار شریعت، ج#3، ص#633 |
| 57 | ایسی حالت میں نماز پڑھنا کے پیچھے جاندار کی تصویر ہو۔؟ | مکروہ تنزیہی | بہار شریعت، ج#3، ص#633 |
| 58 | تصویر کو گھر میں لٹکانا۔؟ | جائز نہیں۔ چاہے پورے قد کی ہو یا آدھے قد کی | مجیب مفتی محمّد قاسم مدظلہ العالی |
| 59 | تصویر کا گھر میں موضع اہانت ہونا | کوئی کراہت نہیں | بہار شریعت، ج/3، ص# 632 |

{مزکورہ صورتوں میں نمازمیں مکروہ تحریمی کا حکم ہے یہ ان صورت میں ہے کہ تصویر پورے قد کی ہو اور کوئی ایسا جزء مفقود نہ ہو جس کے بغیر جاندار کا وجود محال ہو اور اتنی بڑی ہو کہ زمین پر رکہ کر دیکھنے سے صاف نظر آئے ورنہ کراہت تنزیہی ہے

(کیوں کہ نماز میں کراہت تحریمی کی علت تشبہ بالاوثان ہے)} مفتی محمّد قاسم مدظلہ العالی

از * جامعة المدینہ گلزار عطار للبنات *

درجہ دورة الحدیث